Office of
Immigrant Affairs
CITY OF PHILADELPHIA

فلاڈیلفیا کے تارکینِ وطن کے لیے معاون ذرائع

سٹی آف فلاڈیلفیا اپنے تمام رہائشیوں کی معاونت کرتا ہے۔ سٹی کی زیادہ تر خدمات شہریت یا امیگریشن کے اسٹیٹس سے قطعِ نظر ہر ایک کے لیے دستیاب ہیں۔ سٹی کے ملازمین اپنے رابطے میں آنے والے افراد کا اسٹیٹس دریافت نہیں کرتے۔

میونسپل آئی ڈیز

میونسپل آئی ڈیز شناخت کی وہ قسم ہیں جنہیں فلاڈیلفیا کے تمام رہائشی استعمال کرسکتے ہیں۔ آئی ڈی کے حصول کے لیے، آپ کو لازماً اپنی شناخت اور فلاڈیلفیا میں رہائش کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔ آئی ڈی حاصل کرتے ہوئے، سٹی کی جانب سے امیگریشن یا شہریت کا اسٹیٹس دریافت نہیں کیا جائے گا۔ سٹی کی جانب سے میونسپل آئی ڈی کی معلومات کو بھی قانون کی مکمل حد تک تحفظ دیا جائے گا۔ میونسپل آئی ڈی پروگرام کا افتتاح 2019 کے موسمِ بہار میں ہوگا۔

تعلیم اور بہبودِ اطفال

3 یا 4 سال کے بچے PHL پری-K کے لیے اہل ہیں۔ مزید معلومات phlprek.org سے حاصل کریں۔ تمام رہائشیوں کو 5 سال سے لے کر گریجویشن یا 21 سال کی عمر کو پہنچنے پر تعلیمی سال کے اختتام تک پبلک اسکول میں تعلیم کے حصول کا حق حاصل ہے۔ انگریزی سیکھنے والوں کے لیے کلاسز دستیاب ہیں۔ داخلے میں مدد کے لیے، philasd.org/studentplacement وزٹ کریں۔

عوامی تحفظ

سٹی آف فلاڈیلفیا وفاقی امیگریشن کا نفاذ عمل میں نہیں لاتا۔ فلاڈیلفیا کی پولیس اپنے رابطے میں آنے والے افراد بشمول جرائم کا نشانہ بننے والے افراد اور گواہان کی امیگریشن یا شہریت کا اسٹیٹس معلوم نہیں کرتی۔ اگر کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ وہ تعصب انگیزی کا شکار ہوا ہے، تو اسے فلاڈیلفیا پولیس ڈپارٹمنٹ سے رجوع کرنا چاہیئے۔ آپ اپنا مقامی پولیس ڈسٹرکٹ www.phillypolice.com/districts/ پر تلاش کرسکتے ہیں۔

شہریت

ایک امریکی شہری بننا بہت سے فوائد کا موجب بنتا ہے جن میں پہلے سے بڑھ کر سفری سہولیات، سرکاری ملازمتوں اور ووٹ ڈالنے کا حق بھی شامل ہیں۔ آپ ایک شہری بننے کے حوالے سے مزید معلومات ہماری ویب سائٹ: https://bit.ly/2GANapL پر حاصل کرسکتے ہیں۔

زبان تک رسائی

دفتر برائے امیگرینٹ افیئرز کی جانب سے سٹی کا زبان تک رسائی کا پروگرام لینگویج ایکسیس فلی (Language AccessPhilly) چلایا جا رہا ہے جو ایسے افراد کو مفت ترجمے کی خدمات مہیا کرتا ہے جو انگریزی پڑھنے، بولنے، لکھنے یا سمجھنے کی محدود صلاحیتیں رکھتے ہیں۔ کسی بھی سٹی ایجنسی سے مدد یا معلومات حاصل کرنے کے لیے 3-1-1 ڈائل کریں اور آپریٹر کو اپنی مطلوبہ زبان سے آگاہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے access-phillywww.phila.gov/programs/language- وزٹ کریں

امیگریشن میں مدد

ہمارے بے شمار پارٹنرز میں سے کسی بھی پارٹنر کے پاس امیگریشن کی مفت، محفوظ مدد دستیاب ہے۔ ایسے غیر لائسنس یافتہ امیگریشن سروس فراہم کنندگان سے محتاط رہیں جو اپنے کسٹمرز سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ صرف معتبر، لائسنس یافتہ قانونی مشیر یا تسلیم شدہ نمائندے سے ہی مدد حاصل کریں۔

امتیازی سلوک سے تحفظ

فلاڈیلفیا کے رہائشیوں کو ملازمت گاہوں، رہائش گاہوں اور عوامی مقامات پر غیر قانونی امتیازی سلوک، انتقامی کارروائی اور ہراساں کئے جانے سے مکمل تحفظ کا حق حاصل ہے۔
کسی بھی ملازمت، پراپرٹی یا عوامی مقام کی خلاف ورزی کی شکایت درج کروانے کے لیے، pchr@phila.gov کے ذریعے تعلقاتِ عامہ پر فلاڈیلفیا کمیشن (PCHR) سے رابطہ کریں یا 215-686-2856 پر گمنام ہاٹ لائن پر کال کریں۔

صحتِ عامہ

تمام عوامی اسپتالوں اور سٹی کے صحتِ عامہ کے مراکز میں صحت کی کم اخراجات کی حامل ہنگامی اور غیر ہنگامی سہولیات دستیاب ہیں۔ فلاڈیلفیا کا ڈویژن برائے نفسیاتی صحت ایسے افراد اور بچوں کے لیے ذہنی صحت کی خدمات مہیا کرتا ہے جنہیں طبی، سماجی اور تعلیمی خدمات درکار ہوں۔
خدمات کے اس نیٹ ورک میں ذہنی صحت کے 11 کمیونٹی مراکز، 30 سے زائد نفسیاتی صحت کی خصوصی مہارت کی حامل ایجنسیاں اور 5 ہنگامی صورتحال پر ردعمل کے مراکز شامل ہیں۔
کم آمدنی والے ایسے گھرانے جن میں 0 سے لے کر 13 سال تک کے بچے ہوں، وہ بچوں کے لیے صحتِ عامہ کی سہولیات بلا معاوضہ یا کم قیمت پر حاصل کرسکتے ہیں: https://bit.ly/2V9uG2L

انگریزی بطور ثانوی زبان

فلاڈیلفیا کے رہائشیوں کے لیے ESL کی بہت سی کلاسز بلا معاوضہ یا کم قیمت پر دستیاب ہیں۔ اپنے قرب و جوار میں اس سہولت کا کوئی فراہم کنندہ تلاش کرنے کے لیے یہ باہمی ربط کا حامل نقشہ استعمال کریں:
https://bit.ly/2sqvbvD

ہم سے رابطہ کریں

کیا آپ کے ذہن میں کوئی سوالات/تحفظات ہیں؟ دفتر برائے امیگرینٹ افیئرز سے بذریعہ **215-686-0876** یا **OIA@phila.gov** پر رابطہ کریں

Facebook اور Twitter @PhillyOIA پر ہمیں فالو کریں